لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ ذی الحجہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۲۷ جون ۱۹۲۷ء	جلد ۳۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	بابت اجراء احکام متعلقہ ریونیو	۲۶۱
۲	تعداد ایام تعطیلات سررشتہ اجلاس اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم	۲
۳	بابت تبدیلی اجلاس ڈاکٹر صاحب	
۴	تقرر و تبادلہ	
۵	بابت تقرری مددگار پولیس	
۶	بابت حسابی منیجر پولیس	
۷	بابت معافی پیرول موٹر کار	
۸	بابت تقرر	
۹	بابت اجلاس صیغہ پولیس منشی محمد ظہیر الحسن صاحب	
۱۰	تقرر و اضافہ	
۱۱	[illegible]	
۱۲	[illegible]	
۱۳	[illegible]	
۱۴	[illegible]	
۱۵	[illegible]	
۱۶	[illegible]	
۱۷	[illegible]	
۱۸	[illegible]	
۱۹	[illegible]	

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۰ جون ۱۹۲۷ء

بموجب صراحت رپورٹ منظوری دیہاتی ہر کا غذات بغرض اجرائے احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض

جناب عالی

چند سال سے مکانات محکوم مستاجری کی یہ حالت ہو گئی ہے کہ جو مکان نیلام

کیا جاتا ہے وہ جو نہائی قیمت تک بھی بمشکل پہنچتا ہے - خریدار بھی بمشکل تمام فراہم ہوتے ہیں بحسب دفعہ ۳۸ آئین حادیہ امانت ضمانت نقد بقدر ثلث جمع سالانہ مال ابواب پر داخل کرایا جاتا ہے - اور حسب دفعہ ۳۹ آئین جائیداد غیر منقول بقدر ضعف جمع سالانہ مال ابواب پر کفالت میں لیجاتی ہے مکانات کی تھوڑی قیمت آنکنے کی وجہ سے کمیٹی کو ایک روبکار بطلب رائے بھیجا گیا کہ آئندہ کیا جائداد کفالت میں لینا چاہئے - اور بجائے نصف کے مقدار کسقدر ہو - کمیٹی کا نوٹ مورخہ ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء منسلک ہے - کمیٹی نے چند نمبروں میں جو اظہار رائے کیا ہے وہ سطور آئندہ میں نمبروار عرض کیا جاتا ہے -

(۱) جہانتک ممکن ہو کفالت میں جائداد معافی یا زمینداری لیجائے - مکانات ضمانت میں بہت کم لئے جائیں

(۲) تخمینہ مکانات کا بابت احتیاط سے اندازہ پیش نظر رکھکر کیا جائے کہ بحالت کہنگی مکان مدت دہ سال تک ٹھیک حالت میں رہیں گے - رسالدار صدر نائب رسالدار صدر - تحصیلدار پرگنہ کو کافی ہدایت کر دیجائے -

(۳) ابتک نصف کے بقدر جائداد لیجاتی ہے - آئندہ بقدر بارہ آنہ کے لیجایا کرے -

(۴) تحصیلداران کو بمنشاء دفعات ۱۹۱ لغایت ۱۹۳ آئین حادیہ کو ہمیشہ پیش نظر رکھنا چاہئے - اور یہ بات خاص طور پر نظر میں رہنا چاہئے کہ مطالبہ یا رقم تحویلی ضمانت سے زائد کسی مستاجر پر نہ بڑھنے پائے

(۵) وصلباقی نویس صدر ذمہ دار کیا جائے کہ جب ضمانت کی حد تک مطالبہ پہنچنے کو ہو تو فوراً رپورٹ کرے -

(۶) رسالدار صدر و نائب رسالدار صدر کو ذمہ دار کر دیا جائے کہ موضع کا انتظام مستاجری ہونیکے بعد فوراً بشرط حکم زیادہ سے زیادہ دو ماہ کی مدت میں پوری تکمیل تصدیق کفالت نامہ کے ذریعہ سے کرالیا کریں اگر اس مدت میں تکمیل نہو تو خاص طور پر رپورٹ کرنا چاہئے -

ز تجویز کو رائے کمیٹی سے اتفاق ہے کاغذات برائے صدور حکم منظوری ابلاغ حضور ہیں - چونکہ نیلام کا وقت قریب ہے - لہذا جلد حکم نافذ فرمایا جائے تاکہ اسی نیلام سے نفاذ شروع ہو جائے - اور اعلان کرا دیا جائے -

[illegible]

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بالائی تعمیل احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں - ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو بھیجی جائے - اور حاکم صاحب نیلام کو وقت نیلام وہاں کرکے اعلان کریں -

۹ جون سنہ ۱۹۲۶ء دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۹ جون سنہ ۱۹۲۶ء

خانبہادر محمد باز محمد خان سپرنٹنڈنٹ پولیس کو اختیارات مجسٹریٹ سرسری بحکم ۲۴ جون سنہ ۱۹۲۶ء مطابق روبکار ۹ ۲ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء حاصل ہیں اور نگرانی مقدمات سرسری کی اجلاس جوڈیشل میں ہوتی ہے - اب بحکم خاص نگرانی مقدمات سرسری اختیارات بجائے اجلاس جوڈیشل کے اجلاس نواب ولیعہد بہادر کے تفویض کئے جاتے ہیں -

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس حکم کی نواب ولیعہد بہادر کے اجلاس میں مرسل ہو - اور ایک نقل جناب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

اجلاس سے ایک نقل بغرض اطلاع صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو - پولیس وکیل سرکار اور کورٹ انسپکٹر کو بھی اطلاع دیجائے - ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے مطبع بھیجی جائے - ۱۵ جون سنہ ۱۹۲۶ء (نوٹ) یہ کاغذ فائل بک میں رہے -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

کریج الاونس

۹ جون سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ عطائے کریج الاونس لیڈی ڈاکٹر بزمانہ رخصت یکماہ منظور شدہ بوضع تنخواہ تا ۹ جون سنہ حال حسب استدعاء لیڈی ڈاکٹر -

حکم

بموجب رپورٹ کریج الاونس دیا جانا منظور ہے کاغذات واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تقرر

۹ جون سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ یادداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ تقرر ڈاکٹر محمود عالم خان

بمشاہرہ پچاس روپیہ بجائے ڈاکٹر عاشق علی اسسٹنٹ سرجن انعام یافتہ
از ۱۵ ؍ جون سنہ ۱۹۲۶ء و تقرر ڈاکٹر شفقت علی بمشاہرہ پچاس روپیہ بجائے
ڈاکٹر مشتاق حسین صاحب سب اسسٹنٹ سرجن موقوف شدہ از تاریخ
مذکور حسب تجویز صاحب چیف میڈیکل افسر

حکم

عاشق علیخان اور مشتاق حسین سب اسسٹنٹ سرجنوں کی جگہ پر ڈاکٹر ظہور عالم خان و
ڈاکٹر شفقت علی کا تقرر بمشاہرہ پچاس پچاس روپیہ ماہوار گریڈ منظور شدہ کے
ابتدائی تنخواہ پر بموجب رپورٹ منظور ہے کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں
دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۸ ؍ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

بہنگام معائنہ شہر و لائن پولیس ۱۷ و ۱۸ ؍ مئی سنہ ۱۹۲۶ء چند معاملات ملاحظہ سے
گذرے جنکی بابت حسب ذیل انتظام کیا جائے۔

۱- چوراہا متصل اسٹیشن و شاہ آباد دروازہ پر کانسٹبل نہیں ہے۔ ایک ایک کانسٹبل
ہر دو مقامات پر ہونا چاہیے۔

۲- متصل نیلخانہ قریب دوکان آبکاری کانسٹبل نہیں تھا۔ اسیطرح چوک بازار نفر (؟) خاں
میں تحصیل کے پاس اور جامع مسجد کے قریب قلعہ معلیٰ کے گوشہ میں نہیں تھے
ان مقامات پر کانسٹبل ہونا چاہیے۔

۳- مسٹن گنج کے سامنے سڑک پر کانسٹبل نہیں تھا۔ ضرور ہونا چاہیے۔

۴- نگار دولیسپر (؟) ہوہ دروازہ کوٹھی پر منسٹر پولیس کو ہدایت ہونی چاہیے کہ اگر کوئی
سواری یا بائیسکل وغیرہ سڑک پر سے بعد غروب آفتاب بغیر روشنی کے نکلے تو دریافت کر
نام اور پتہ لکھکر پیش کرے۔

۵- احمد یار خان کانسٹبل ۱۳۳ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات کے مکان کے چوراہے پر
بیٹھا ہوا پایا گیا۔ چار آنہ جرمانہ کیا جائے۔

۶- تھانہ خاص روڈ متصل ہونی مسجد میں ایک سپاہی بیٹھا ہوا تھا۔ ایک اندر
سو رہا تھا۔ باقی سب غیر حاضر تھے۔ جو غیر حاضر تھے ان پر فی کس چار آنہ جرمانہ کیا جائے
صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس اس غیر حاضری کی وجہ لکھیں۔

۷- چوکی نوروزہ کے ہیڈ کانسٹبل کو کسی اور جگہ کی پر تبدیل کر دیا جائے۔

۸- رسالدار ماؤنٹڈ پولیس بغیر رخصت لئے غیر حاضر تھا۔ اسکا شیشہ وول اجلاس میں

بھیجا جائے۔

۹- کلب حسن خان جو ڈرل کا کام سکھاتا ہے ڈسے دفعدار کیا گیا۔ پولیس لائن میں
پریڈ ہر دو وقت ہونا چاہیے۔ اور دریافت کیا جائے کہ اسکو کیوں نہیں پہلے دفعدار
بنایا گیا تھا۔

۱۰- جدید بھرتی میں جوان العمر آدمی بھرتی کئے جانا چاہئیں ضعیف العمر آدمی بھرتی
نہ کئے جائیں۔

۱۱- صاحبزادہ سید یوسف جمال خانصاحب بہادر کے مشورہ سے نئے آدمی بھرتی کئے
جایا کریں۔ صاحبزادہ موصوف کو ماؤنٹڈ پولیس و پیدل ملٹری پولیس کا انچارج
مقرر کیا جاتا ہے۔ رسالدار انکی ماتحتی میں کام کریگا۔

۱۲- پولیس کی چوکیوں کے پاس چور پہرے نہیں ہیں انکا انتظام کیا جائے۔

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو۔ اور مندرجہ بالا
بےقاعدگیوں کی نسبت صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس تحریری جواب دیں کہ یہ کیوں عمل میں آئیں۔
اور آیندہ خاص طور پر احتیاط کیجائے۔ فقط

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم

دفعہ (۱۱) میں منظور کیا گیا ہے کہ صاحبزادہ سید یوسف جمال خان بہادر ماؤنٹڈ پولیس
و ملٹری پولیس پیدل کے انچارج مقرر ہوں۔ چونکہ اصل روبکار سابق میں صاحب
سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس روانہ ہو چکا ہے۔ ضرورت ہے کہ دفعہ (۱۱) کی اطلاع آڈٹ
و خزانہ میں پہنچ جائے۔ تاکہ حسابات اور خزانہ سے وصول رقم میں رکاوٹ نہو۔
لہذا یہ نقل سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ احکام ضابطہ جاری کر دیے جائیں۔ پورے
روبکار کی نقلیں جاری کیجائیں۔ اور درج گزٹ کرا دیا جائے۔ ۱۱ ؍ جون سنہ ۱۹۲۶ء
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۷ ؍ جون سنہ ۱۹۲۶ء

شعبہ جات پولیس میں حسابی کام کی جانچ کی ضرورت ہے۔ جسطرح سے کہ فوجی حسابات کی
جانچ افسران سررشتہ آڈٹ کرتے ہیں۔ اسیطرح سے محکمہ پولیس میں حسابی جانچ کیجائے۔

لہذا حکم ہوا کہ

بذریعہ روبکار ہذا صاحب فنانشل سکریٹری بہادر کو لکھا جاوے کہ محکمہ پولیس کی

حسابی جانچ کسی ممبر بورڈ آف آڈٹ کے ذریعہ سے کرا کر مفصل رپورٹ ارسال اجلاس کیجائے - ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو - ایک درج گزٹ ہو

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۰ جون ۱۹۲۷ء

بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے ایک موٹر کار برائے اسٹیٹس عطا فرمائی ہے جسکے مصارف نزول وغیرہ صیغہ پرسنل کے بجٹ میں نہیں پڑینگے پچاس روپیہ ماہانہ تنخواہ موٹر ڈرائیور صیغہ انہار میں منتقل کر دی گئی ہے - اور [illegible] ماہانہ پٹرول کے مصارف حسب تفصیل ذیل صیغہ جات انہار [illegible] ماہانہ پولیس [illegible] ماہانہ [illegible] ماہانہ صیغہ جات متعلقہ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات میں درج ہونگے ماہانہ حساب مصارف پٹرول کا صیغہ پرسنل سے مرتب ہو کر تفصیل مندرجہ بالا گوشوارہ رقم کا شامل کر دیا جایا کرے تاکہ اسی کے موافق خزانہ میں اندراج خرچ ہوا کرے [illegible] صیغہ دار رقم پاس کیجائے - لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک ایک نقل جملہ سکریٹری صاحبان بہادر صیغہ جات متعلق کے پاس اور ایک نقل صاحب فائنانشل سکریٹری بہادر کے پاس بغرض اطلاع آڈٹ و خزانہ - ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس - ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس کے پاس مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۰ جون ۱۹۲۷ء

۱- بہ [illegible] معائنہ تھانہ [illegible] بتاریخ ۵ جون ۱۹۲۷ء دیکھا گیا کہ [illegible] کانسٹبل [illegible] جو پہرہ پر ہونا چاہئے تھا سو رہا تھا - اس قصور میں [illegible] پر چار آنہ جرمانہ کیا جائے -

۲- [illegible] کو [illegible] سے حسب [illegible] قدیم جو بیگار لیجاتی ہے - اسکے کیا وجوہ ہیں - اگر سرائے میں مستقل رہائش کیوجہ سے کرایہ کے طور پر بیگار لیجاتی ہے تو انکے بیانات قلمبند کر کے پیش کیجائیں کہ وہ بیگار کی بجائے کیا معاوضہ دینا چاہتے ہیں - اور تا صدور حکم ثانی ان سے بیگار نہ لیجائے -

۳- ۵ جون ۱۹۲۷ء کی شب کو دو بجے بندگان حضور پرنور دام اقبالہم کی روانگی کے وقت نواب دروازہ پر جو سوار تعینات تھا سو رہا تھا - اسپر آٹھ آنہ جرمانہ کیا جائے -

لہذا حکم ہوا کہ

اصل روبکار ہذا بغرض تعمیل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۸ جون ۱۹۲۷ء

سابق پیشکار اجلاس ہذا کو بیس روپیہ ماہانہ الاونس صیغہ پولیس سے ملتا تھا کاغذات صیغہ پولیس کی پیشی کا یہ الاونس ہمیشہ پیشکاران کو ملتا رہا ہے - لہذا یکم جون ۱۹۲۷ء سے بیس روپیہ ماہانہ الاونس منشی محمد ظہیر الحسن پیشکار اجلاس ہذا کو صیغہ پولیس سے دیا جانا منظور ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - اور ایک نقل روبکار ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

تقرر

۱۳ جون ۱۹۲۷ء

بسلسلہ انتقال [illegible] جہان خان ہیڈ کانسٹبل شرافت حسین ہیڈ کانسٹبل [illegible] ماہانہ [illegible] کی جگہ خالی ہوئی ہے بمنظوری سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس اختر یار خان کا تقرر بشاہرہ [illegible] ماہانہ ہیڈ کانسٹبل منظور کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

۱۳ جون ۱۹۲۷ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت در بارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہ بابو بشن داس الکٹرک انجنیر از ۱۵ جون ۱۹۲۷ء

حکم

حسب استدعا صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت - بابو بشن داس الکٹرک انجنیر کی رخصت ایک ماہ رعایتی ۱۵ جون ۱۹۲۷ء سے منظور ہو چونکہ الکٹرک انجنیر محنت سے کام کرتے ہیں اسلئے اس رخصت کے زمانہ میں الاؤنس مقررہ انجنیر بجلی گھر کو بدستور ملیگا - زبانی الکٹرک انجنیر نے بجائے ۱۵ کے ۱۴ جون سے جانے کی اجازت مجھ سے حاصل کرلی ہے - احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

جرمانہ

۱۴ جون ۱۹۲۷ء

مثل درخواست مدد علیخان منصرم کوٹھی باستدعا تخفیف دو گھنٹہ در حاضری خود - یا عطائے اجازت ہفتہ وار بروز جمعہ -

حکم

ایسی گستاخانہ عرضیان ہمکو پسند نہیں ہیں - جسنے اس شخص کے پندرہ روپیہ سے بیس روپیہ کردیے - لہذا حکم ہوا کہ مدد علیخان منصرم کوٹھی پر ایک روپیہ جرمانہ ہو - صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ کیجائے -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۴ جون ۱۹۲۷ء

اس سے پیشتر مختلف دفعات میں ہدایات جاری ہو چکے ہیں کہ پولیس اپنا کام بمحنت و مستعدی انجام دے تاکہ وارداتوں کا انسداد ہو لیکن ہنوز تقریباً روزانہ یا دوسرے تیسرے روز دو ایک واردات میں سرقہ کی ہونا مسموع ہوتا ہے - نیز مارپیٹ اور اغوا وغیرہ کی بھی شکایات خارجی طور سے موصول ہوتی ہیں جنکا اندراج پولیس کی رپورٹون میں نہیں ہوتا - اسکی دو وجہیں ہو سکتی ہیں - اول یہ کہ یا پولیس اندراج رپٹ نہیں کرتا ہوگا - یا یہ کہ لوگ خود رپٹ نہیں لکھاتے اور گھبراتے ہیں کیونکہ پولیس سے اُمید انصاف نہ رکھتے ہونگے - اور کشمکش میں مبتلا ہونے سے خوف کرتے ہونگے - مندرجۂ بالا دونوں صورتوں میں سے جو بھی ہو پولیس کی سخت بے عنوانی ہے - اور ایسا ثابت ہونے پر پولیس سے بازپرس کیجائیگی اور مناسب تدارک کیا جائیگا - اس لئے پولیس کو بطور خاص متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ قانونی دائرہ کے اندر اپنے تمامی فرائض کو بکمال مستعدی انجام دے - صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس نقشہ سررشتہ کے مطابق شہر اور حلقہ کے الگ الگ نقشہ جات قابل دست اندازی وغیر دست اندازی پولیس ہفتہ وار پیش کریں - حسب روبکار سابق اگر پندرہ دن کے اندر کسی واردات کا انکشاف نہ ہو تو پولیس متعلقہ کی معطلی کے لئے رپورٹ کریں - اور جملہ اہلیان پولیس کو ہدایت کردیں کہ انکی بے عنوانیوں کی شکایات مسموع نہ ہوں - ورنہ سخت سزا دیجائیگی -

حکم ہوا کہ

اصل روبکار صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس تعمیلاً مرسل ہو - ایک نقل سررشتہ صدر سے اندراج گزٹ کے لئے مطبع بھیجی جائے -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۴ جون ۱۹۲۷ء

باوجود تاکیدات شدید دیکھا جارہا ہے کہ ملازمان پولیس اپنے فرائض کو صحیح طور سے نہیں انجام دیتے - جسکا نتیجہ ہے کہ ہر دوسرے تیسرے روز دو ایک واردات میں سرقہ کی کچھ مارپیٹ کی بعض دیگر جرائم کی ہوتی رہتی ہیں - بعض افسران پولیس کے تساہل اور لاپرواہی کا اثر ہے کہ وارداتوں کا انسداد نہیں ہوتا - آج ہمنے صیغہ پولیس سے وارداتوں کا نقشہ منگایا تھا - معلوم ہوا کہ علاقہ میں زیادہ اور اُس سے کم شہر میں واردات برابر ہو رہی ہیں جنمیں سے بہت سی برآمد نہ ہوئیں - اسیوقت ایک رپورٹ پولیس شاہ آباد وقوعہ (۲۹۲) کی پیش ہوئی - ہم افسوس کے ساتھ اس بات کے ظاہر کرنے پر مجبور ہیں کہ گویا سٹی پولیس ناقابل محض ہے یا بالقصد تعمیل احکام اور اپنے فرائض کی کماحقہ انجام دہی سے پہلوتہی کرتا ہے - صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس خاص طور پر اس سے اثر لیں تاکہ ہمکو آیندہ اس شکایت کا موقع نہ ملے اور ہم اُن احکامات کو (جنکے صادر کرنے میں ہمیں تامل ہوتا ہے) صادر نہ کریں آج کے نقشہ میں جو واردات غیر برآمد شدہ ملاحظہ ہوئی ہیں - مثلاً کیمری تاندہ بلاسپور کی اور شاہ آباد کے وقوعہ ۲۹۲ کی برآمدگی کے لئے پندرہ ۱۵ یوم کی مہلت دیجاتی ہے - یوم وقوع سے پندرہ ۱۵ روز کے بعد اگر برآمدگی نہ ہو تو صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس متعلقہ پولیس کو معطل کئے جانے کے لئے رپورٹ کریں -

معضلات کی حالت انتظامی پولیس کی زیادہ زبون ہے۔ کیونکہ انسپکٹر حلقہ کا کام نہایت خراب ہے۔ کچھ نگرانی نہیں کیجاتی۔ انسپکٹر حلقہ کو معطل کیا جاتا ہے جبتک کہ معضلات کی واردات کی برآمدگی نہ ہوگی معطل بدستور رہیگی۔ اسیطرح انسپکٹر شہر کی بابت بھی حکم معطلی صادر کیا جائیگا۔ اگر شہر کی واردات مدت معینہ میں برآمد نہ ہونگی۔

لہذا حکم ہوا کہ

اصل روبکار صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو۔ سررشتہ صدر سے ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے مطبع بھیجی جائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

نوٹ۔ آجکی ذیلی رپورٹ میں بھی ایک سرقہ ہے جو شامل روبکار ہے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۵ جون ۱۹۲۷ء

رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس مع قانون اقوام جرائم پیشہ ملاحظہ ہوئی۔ قانون مذکور میں متعدد جگہ بحیثیت اعلیٰ افسر ہونے پولیس کے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کا نام تحریر ہے۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کی مستدعا ہے کہ اب صیغہ پولیس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس نہیں رہا تو ترمیم نام کی فرمائی جاوے چونکہ قانون مطبوعہ ہے اور کثرت سے حوالہ نام کا آیا ہے ترمیم میں دشواری ہے اسلئے تجویز کیا جاتا ہے کہ جس جگہ (صاحب ریونیو سکریٹری بہادر) تحریر ہے وہاں (مرشد زادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم) مقصود ہو۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل روبکار ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو اور اصل روبکار ہذا مع قانون اقوام جرائم پیشہ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۳۱ مئی ۱۹۲۷ء

بذریعہ رپورٹ افسر صاحب نوآبادی درباره منظوری رخصت پندرہ یوم خان محمد محرر نوآبادی تحصیل بلاسپور از ۱۹ مئی ۱۹۲۷ء لغایت ۳ جون ۱۹۲۷ء بغرض روانگی وطن۔

حکم

حسب رپورٹ افسر صاحب نوآبادی پندرہ یوم کی رخصت خان محمد محرر نوآبادی کی منظور کی جاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲ جون ۱۹۲۷ء

منشی حسن رضا خان کا تقرر اجلاس ہمایون سے بعہدہ اسسٹنٹ مجسٹریٹ فرمایا گیا ہے لہذا انکو اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم عطا کئے جاتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲ جون ۱۹۲۷ء

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم نے ارشاد فرمایا ہے کہ تہنیت سالگرہ ہز امپیریل مجسٹی کنگ امپرر ۳ جون ۱۹۲۷ء کو بارہ بجے دوپہر کے بعد پانچ قیدی رہا کر دیے جائیں۔ لہذا حسب ارشاد حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم مسمیان جمیل احمد خان ولد عزیز احمد خان قیدی بجرم دفعہ ۳۲۴ تعزیرات ہند مندرجہ فہرست نمبر (۲) بہ نمبر (۱) و جھمن ولد وارث بنجارہ قیدی بجرم ۴۱۱ تعزیرات ہند مندرجہ فہرست مذکور بہ نمبر (۵) و نوبت رام ولد خیالی رام برہمن قیدی بجرم دفعہ ۴۱۱ تعزیرات ہند مندرجہ فہرست مذکور بہ نمبر (۶) و نبی ولد کریم شاہ منہار قیدی بجرم دفعہ ۴۵۷ و ۳۸۰ تعزیرات ہند مندرجہ فہرست مذکور بہ نمبر (۸) و احمد ولد اسحاق شیخ بجرم دفعہ ۴۱۴ تعزیرات ہند مندرجہ فہرست مذکور بہ نمبر (۹) کو تاریخ و وقت مذکور جیل سے رہا کیا جائے۔

لہذا حکم ہے کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل بخدمت سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل مرسل ہو۔ اور بعدہ واپسی نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ بارش ریاست رامپور ہفتہ وار مورخہ ۱۵ جون سنہ ۱۹۲۴ء لغایت ۲۱ جون سنہ ۱۹۲۴ء

تاریخ و دن	صدر خاص		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد سنٹ	رفتار دن	تعداد سنٹ	رفتار دن	تعداد سنٹ	رفتار دن	تعداد سنٹ	رفتار دن	تعداد سنٹ	رفتار دن	تعداد سنٹ	رفتار دن
۱۵ جون ۱۹۲۴ء یوم چہارشنبہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۶ ″ ″ ″ پنجشنبہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۷ ″ ″ ″ جمعہ	۰	۰	۹	۰	۰	۰	۰	۰		۰		۰
۱۸ ″ ″ ″ شنبہ	۱۳	۰	۸	۰	×	۰	۷	۰	۶	۶	۳	۲۱
۱۹ ″ ″ ″ یکشنبہ	۳۱	۴۴	۴۱	۴۹	۱۵	۰	۷۰	۴۰	۶۰	۶۶	۳۳	۵۲
۲۰ ″ ″ ″ دوشنبہ	۴۹	۹۳	۹۱	۶۹	۶۹	۹۴	۱۴	۸۴	۳۰	۱۰۶	۰۲	۸۰
۲۱ ″ ″ ″ سہ شنبہ	۰	۹۳	نقشہ نہیں آیا		۰	۹۴	نقشہ نہیں آیا		۰	۱۶	۰	۸۰

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۷ لغایۃ ۲۵

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ار	۶ ار	۶ ۰ ار			۶ ۰ ار	
نخود دانہ سفید	۶ ۰ ار	۸ ار	۹ ار			۸ ار	
نخود کنستہ	۵ ار	۸ ۰ ار	۵ ار			۸ ۰ ار	
کسیہ	۵ ۰ ار	۰	۹ ۰ ار			۹ ار	
ماش	۲ ار	۲ ار	۵ ۰ ار			۵ ۰ ار	
موٹھ	۵ ار	۰	۰			۵ ار	
مونگ	۵ ۰ ار	۰	۰			۸ ار	
جو	۱۱ ار	۰	۱۱ ار			۱۱ ار	
جوار	۱۱ ۰ ار	۰	۹ ار			۹ ار	
عدس	۲ ۰ ار	۰	۶ ۰ ار			۶ ار	
ارہر	۵ ۰ ار	۲ ار	۰			۶ ار	
برنج	۵ ار	۵ ار	۱۵ ار		۰	۵ ار	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۰ ار	۰ ار			۰ ار	
روغن سیاہ	[illegible]	۱ ار	[illegible]			[illegible]	
روغن کنجد	۱ ار	۱ ار	۱ ار			۱ ار	[illegible]
نمک سانبھر	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۲ ار			۱۲ ار	
شکر ماہوی	۶ ار	۸ ار	۶ ار			۶ ار	
قند سیاہ	۶ ار	۶ ار	۶ ار			۶ ار	
باجرہ	۲ ار	۰	۰			۸	

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور بابت ماہ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہندو	عورت مسلمان	عورت ہندو	میزان	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک مرد	ایک سال سے ۵ سال تک عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک عورت	۱۲ سال سے زیادہ مرد	۱۲ سال سے زیادہ عورت	میزان مرد	میزان عورت	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مار گزیدہ	جانوروں کے گزند	طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۴	۵	۱۸	۶	۲۵	۳۳	۱۱	۲۸	۱۵	۳	۲	۱۱	۱۷	۴۲	۳۴	۶۰	۱۶	۰	۱۸	۰	۵۸	۰	۰	۰	۷۶	
گنج	۲۶	۸	۱۰	۴	۵۱	۳۹	۱۲	۸	۲۱	۴	۳	۱۳	۲۳	۳۷	۴۷	۷۱	۱۳	۰	۱۸	۰	۶۶	۰	۰	۰	۸۴	
مالی گنج	۱۳	۱۳	۱۹	۴	۵۰	۳۳	۱۷	۵	۱	۲	۰	۵	۹۰	۱۲	۷	۹	۱۰	۰	۱	۱	۱۷	۰	۰	۰	۱۹	
عظیم نگر	۳۳	۱۶	۳۲	۲۱	۱۱۲	۷۵	۳۷	۱۰	۲۱	۲	۱	۳۲	۱۹	۵۱	۴۸	۴۵	۳۶	۰	۹	۰	۸۲	۰	۰	۰	۹۱	
شاہ آباد	۱۹	۵۵	۴	۴۶	۱۲۴	۲۳	۱۰۱	۴۵	۳۸	۱۸	۹	۲۷	۱۱	۹۰	۵۸	۳۶	۱۱۲	۰	۴۰	۰	۱۰۸	۰	۰	۰	۱۴۸	
پٹوائی	۱۱	۳۸	۱۱	۲۶	۸۶	۲۲	۹۴	۲۱	۱۱	۴	۳	۹	۳	۵۱	۳۶	۱۵	۷۳	۰	۱۰	۸	۷۰	۰	۰	۰	۸۸	
ملک	۱۴	۴۴	۸	۴۸	۱۳۴	۲۲	۱۲۲	۵۴	۲۵	۳	۰	۲۶	۴۴	۸۳	۶۹	۱۹	۱۳۵	۰	۳۹	۰	۱۱۳	۰	۰	۰	۱۵۲	
بلاسپور	۴۸	۳۰	۳۲	۲۱	۱۳۳	۸۲	۵۱	۲۳	۴	۲	۱	۵۳	۲۸	۷۹	۳۹	۶۱	۴۲	۰	۰	۱۱۷	۰	۰	۰		۱۱۷	
کیمری	۱۳	۸	۶	۷	۳۴	۱۹	۱۵	۲	۱	۰	۱	۳	۹	۸	۸	۶	۱۰	۰	۰	۱۳	۲	۰	۰		۱۱	
سوار	۲۶	۲۰	۲۱	۲۴	۹۱	۲۷	۴۴	۳۳	۰	۲	۵	۲۸	۲۷	۴۷	۳۹	۳۸	۴۰	۰	۰	۰	۶۳	۰	۰	۵	۶۸	
ٹانڈہ	۳۳	۲۲	۱۹	۱۵	۸۸	۵۱	۳۵	۱۵	۱۰	۴	۳	۱۸	۱۹	۳۴	۳۹	۴۱	۳۵	۰	۲	۰	۵۴	۰	۰	۰	۵۶	
میزان	۲۷۴	۲۸۹	۱۸۰	۲۲۲	۹۵۸	۴۴۷	۵۱۱	۲۴۴	۱۹۰	۴۸	۱۸	۲۴۴	۲۱۹	۵۳۱	۴۱۳	۴۱۱	۵۳۴	۰	۱۴۰	۱۳۰	۵۷۰	۰	۰	۵	۸۴۵	